امیر تنظیم اسلامی کا پیغام ' میٹرک پاس طلبہ کے نام

میٹرک کے امتحان میں کامیاب ہونے والے ذہین اور باہمت طلبہ اپنے مستقبل کے کیریئر پر غور کرتے ہوئے اِن حقائق کو پیشِ نظر رکھیں :

① ملکی اور عالمی سطح پر عالمِ انسانیت کے معاملات کی اصل باگ ڈور علومِ عمرانی (SOCIAL SCIENCES) یا علومِ انسانی (HUMANITIES) کے ماہرین ' یعنی علماء فلسفہ و نفسیات ' ماہرینِ معاشیات و سیاسیات و عمرانیات اور ماہرینِ قانون کے ہاتھوں میں ہوتی ہے۔

② جبکہ علومِ طبیعی (PHYSICAL SCIENCES) اور مختلف پیشہ ورانہ علوم و فنون کے ماہرین ان کے تابع خدمات سرانجام دیتے ہیں۔

③ اور آج عالمِ انسانیت جس ہولناک تباہی کے کنارے پر کھڑی ہے اس کا اصل سبب یہ ہے کہ انسانی اور عمرانی علوم کا رشتہ علمِ وحی اور ہدایت خداوندی سے بالکل کٹ گیا ہے۔

④ لہٰذا وقت کی اہم ترین ضرورت یہ ہے کہ ایسے اصحابِ علم و دانش بڑی تعداد میں پیدا کئے جائیں جو ایک جانب علمِ وحی اور ہدایت خداوندی سے بہرہ ور ہوں اور دوسری جانب علومِ عمرانی میں بھی مہارت کے حامل ہوں۔

چنانچہ ——— مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور ——— کے زیر اہتمام

محنتی اور قابل اساتذہ کی خدمات اور عمدہ دینی ماحول کے ساتھ ساتھ
بہترین محل وقوع ' عالیشان عمارت اور عمدہ فرنیچر کے حامل

قرآن کالج

(191۔ اتاترک بلاک ' نیو گارڈن ٹاؤن ' لاہور فون : 5833637)

کا اصل مقصد یہی ہے کہ ———

یہاں سے بی اے پاس کرنے والے طلبہ عربی زبان پر بھی دسترس رکھتے ہوں اور قرآن کے علم و حکمت سے بھی واقف ہوں' اور اس کے ساتھ ساتھ فلسفہ' معاشیات اور سیاسیات میں سے بھی کسی ایک علم میں مہارت حاصل کرلیں۔ اور پھر:

- اوّلین ترجیح تو یہ ہو کہ وہ علومِ عمرانی میں سے کسی ایک علم میں ایم اے کر کے ایجوکیشنل کیریئر اختیار کریں اور پھر پی ایچ ڈی یا ڈی لٹ وغیرہ کر کے خاص اس شعبے میں قرآن حکیم کی ہدایت و رہنمائی کو اعلیٰ علمی سطح پر پیش کر سکیں —— اور
- ثانوی درجہ میں —— سی ایس ایس وغیرہ کے اِمتحانات پاس کر کے حکومت کے انتظامی شعبوں میں خدمات سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ اپنی سرکاری حیثیت کے مطابق لوگوں کی دینی رہنمائی اور دعوت و تبلیغ کا فریضہ بھی سرانجام دیں —— یا ایل ایل بی کر کے وکالت کا شغل اختیار کریں۔ اس ضمن میں ظاہر ہے کہ جلد یا بدیر اس ملک میں اسلامی قانون نافذ ہو کر رہے گا اور اس وقت ایسے ماہرین قانون کی شدید ضرورت ہو گی جو دینی علوم میں بھی دسترس رکھتے ہوں۔

گویا قرآن کالج میں داخلے کا حاصل کسی مسجد کی امامت یا خطابت کا معاملہ نہیں بلکہ مُلک و ملت کی بہترین خدمات انجام دینے کے قابل بننا ہے!!

> مزید برآں قرآن کالج میں طلبہ کی عموی دلچسپی و سہولت کے پیشِ نظر آئی کام اور آئی سی ایس کی کلاسز اور ریاضیات اور شماریات کی تدریس کا انتظام بھی کیا گیا ہے!

مزید معلومات کے لئے کالج کا پراسپکٹس حاصل کریں!

داعی الی الخیر:
ڈاکٹر اسرار احمد' صدر مؤسس' مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور
۳۶۔کے' ماڈل ٹاؤن' لاہور (فون : 03-5869501)